| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ف‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ف‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے ’ف‘ لکھ سکیں ۔حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف ’ف‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی اور ’ا سے لے کر غ‘ تک کا درست تلفظ ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ف‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ’ف‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر ’ف‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ف‘ ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ اور حرف ’ف‘ کی آدھی شکل کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ف‘ حروف تہجی کا ستائیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ف‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف ’ف‘ کے ذخیرہ الفاظ فٹ بال، فاختہ، فریج، فوارہ، فراک، فانوس، فوجی اور صفر کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ف‘ کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سفید/سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف ’ف‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card<br>کتاب صفحہ نمبر 58 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 58 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا صرف ’ف‘ پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے ۔حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ف فٹ بال، ف، فاختہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ فٹ بال میں رنگ بھریں گے اور ’ف‘ کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ف‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ف‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ف‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’ف‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف ’ف‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’ف‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ف‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو فٹبال دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ اُس کا رنگ پوچھا جائے گا بچوں سے پوچھا جائے گا کس کس کو فٹبال کھیلنا پسند ہے بچوں سے اُن کی پسندیدہ گیم کے بارے میں پوچھا جائے گا بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ف‘ کی آدھی اور پوری شکل بنوائیے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے حروف تہجی ا سے لے کر ’ف‘ تک کے فلیش کارڈ اور چھوٹی اشکال کے فلیش کارڈ دیں۔ بچوں کو کہیے کہ پہلے پوری اشکال کو ا سے ق تک ترتیب دیں پھر جن جن حروف کی چھوٹی اشکال ہیں اُن کو اُن کے ساتھ ملائیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں فوارہ میں رنگ بھریں گے اور ’ف‘ کی پوری شکل میں پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر ’ف‘ کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فٹبال | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ف‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ف' لکھ سکیں۔ حرف 'ف' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ف' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ف' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ف' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ف' سے فاختہ کے بارے میں بات کریں گے فاختہ کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ آپ نے فاختہ دیکھی ہے۔ یہ کہاں رہتی ہے؟ اس کا رنگ کیا ہوتا ہے؟ فاختہ کیا کھاتی ہے۔ بچوں کو گراؤنڈ میں جا کر اصلی فاختہ بھی دکھائی جا سکتی ہے۔ بچوں سے کہیے آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ف' بنائیے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بتائیے کہ آج ہم ایک کھیل کھیلیں گے جو Siman Says کہلاتا ہے ان کو بتائیے اس کھیل کا مقصد ہدایات کو غور سے سُننا اور جو کچھ کرنے کو کہا جائے اس پر صرف اُس وقت عمل کرنا ہے جب جملے کی ابتداء Siman Says سے ہوتی ہو۔ معلّمہ کہیں Siman Says فٹ بال کو اُچھالیں 3 دفعہ Siman Says فاختہ کی طرح اُڑیں۔ چھلانگ لگائیں جائزہ لیں کون کون بچہ چھلانگ لگا رہا ہے۔ جو بچے ساکن رہے اُن کو شاباش دیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ف' کی پوری شکل میں رنگ بھریں اور آدھی شکل پر پینسل پھیریں۔ | 20 منٹ | Siman Says | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے فوارہ، فٹ بال، فریج، فاختہ، فالسہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ف' کی اشیاء میں رنگ بھریں اور پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ف' لکھ سکیں ۔ حرف 'ف' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ف' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ف' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی ۔ اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی ۔ | 5 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'ف' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ف' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے فراک ، فانوس ،فوجی اور فضل کی تصاویر دکھائی جائیں گی ۔ اور ان کے نام بتائے جائیں گے ۔ بچوں کو فریج کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے بچوں سے پوچھا جائے گا ہم فریج میں کیا رکھتے ہیں ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ فریج کا استعمال اس لیے کیا جاتا ہے تاکہ ہماری چیزیں خراب نہ ہوں اور ٹھنڈی رہیں بچوں سے 'ف' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر 'ف' سے شروع ہونے والی کھانے کی چیزیں جیسے فالسہ، فالودہ، فرنی اور دوسرے حرف ف کی چیزیں جیسے سیب ، چاول ،گاجر وغیرہ لگائیں اور بچوں سے کہیں کہ 'ف' سے شروع ہونے والی کھانے کی چیزوں کے گرد دائرہ بنائیں ۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 59 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں بتائیے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ف' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے نیچے دی گئی 'ف' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا ۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 59 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے فراک ، فانوس فصل ، فائدہ ، فالتو کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی ۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ف' لکھ سکیں ۔ حرف 'ف' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ف' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ف' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے ۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'ف' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو فوارہ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے اس کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا کسی کے گھر میں فوارہ لگا ہوا ہے؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کس کس کو فوارہ پسند ہے اور وہ فوارے دیکھنے کہا جاتے ہیں ۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ف' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی ۔ | 10 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ف' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے ۔ | 10 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ف' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے ۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ف' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں ۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |